© rasailojaraid.com



(۴) مسلمانوں کا ایک بہت بڑا جوہر جس نے کسی غلط چیز کو عام طور پر مسلمانوں پر مسلط ہونے سے روکا اور قیادت کی کسی کمزوری سے یا شخصی رائے اور فیصلہ کی غلطی کی وجہ سے ان کو ہلاک ہونے سے محفوظ رکھا وہ ان کی آزادیٔ رائے اور آزادیٔ ضمیر کا جوہر یا غلط چیز سے انکار کر دینے کی طاقت اور شریعت کا یہ زریں اصول تھا کہ لاطاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق (خالق کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت صحیح نہیں ہے)۔ اسی کا مظاہرہ تھا کہ حضرت عمرؓ کو برسرِ منبر ایک بڑھیا اور عرب کا ایک بدو ٹوک دیتا تھا اور وہ اس کے سامنے سر جھکا دیتے تھے۔ اور اسی کا نتیجہ تھا کہ مسلمانوں کی شخصی سلطنت کے بڑے سے بڑے دورِ استبداد و جبر میں بھی مسلمانوں کی آزادیٔ رائے کبھی سلب نہیں ہوئی اور بادشاہوں کے غلط فیصلوں اور خلفاء کی غلطیوں کے خلاف علماء حق نے ہمیشہ آواز بلند کی جس سے دین و شریعت اور مسلمانوں کے عام مزاج و طبائع میں تحریف نہیں ہو سکی۔ حضرت عبداللہ بن عمر، سعید بن المسیب، حسن بصری، سعید بن جبیر، امام مالک، امام ابو حنیفہ، امام احمد بن حنبل کے واقعات تاریخِ اسلام میں روشن رہیں گے۔

اسلام میں مطلق و غیر مشروط اطاعت صرف اللہ و رسول کی ہے، باقی کسی انسان کی اطاعت غیر محدود اور غیر مشروط نہیں ہے بلکہ اس کی اطاعت اس وقت تک ہے جب تک وہ اللہ و رسول کی اطاعت کرتا ہے۔ کسی خلافِ شریعت فیصلہ اور کسی ایسے حکم کی تعمیل میں جس سے دین اور امت کو یقینی طور پر نقصان پہنچتا ہو اطاعت جائز نہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ مجاہدین کی ایک جماعت پر ایک صحابی کو سردار بنایا اور لوگوں کو اس کی اطاعت و تعمیلِ حکم کی تاکید کی۔ راستہ میں سردار کو اپنے ساتھیوں سے کچھ شکایت پیدا ہو گئی۔ اس نے لوگوں کو حکم دیا کہ لکڑیاں جمع کرو، پھر اس میں آگ لگائی اور الاؤ تیار کیا، پھر لوگوں سے کہا کہ کیا تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری اطاعت و تعمیلِ حکم کی تاکید نہیں کی تھی؟ لوگوں نے اقرار کیا۔ اس نے کہا تو پھر میرا حکم ہے کہ اس آگ میں کود پڑو۔ لوگوں نے اس سے انکار کر دیا اور کہا کہ خودکشی حرام ہے اور فعلِ حرام میں آپ کی اطاعت ہمارے لیے ضروری نہیں۔ اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی۔ آپؐ نے



© rasailojaraid.com